4908 ـ کیا سجدہ تلاوت میں عورت پر پردہ کرنا واجب ہے ؟

سوال

جب عورت قرآن مجید کی تلاوت کر رہی ہو اور سجدہ آجائے تو وہ کیا کرے، آیا بغیر چادر اوڑھے ہی سجدہ کر لے یا کیا کرے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

عورت کے لیے بہتر تو یہ ہے کہ جب وہ سجدہ والی آیت تلاوت کرے تو وہ سر پر اوڑھنی لے کر سجدہ کرے، اور اگر بغیر اوڑھنی کے بھی سجدہ کر لے تو مجھے امید ہے کہ اس میں کوئی حرج نہیں.

کیونکہ سجدہ تلاوت نماز کے حکم میں نہیں آتا، بلکہ یہ تو باقی افعال خیر اور ذکرواذکار کی طرح اللہ تعالی کے سامنے عاجزی و انکساری اور اللہ تعالی کے قرب کا حصول ہے.

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے، اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے.